Downloaded From : http://cbseportal.com
CBSE PORTAL www.cbseportal.com

CBSE Sample Question Paper

X - Urdu (Course B)

2018-2019

وقت: 3 گھنٹے | کل نشانات: 80

Time allowed : 3 Hours. | Max. Marks. 80

(حصہ - الف)

1۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے صحیح جواب چن کر لکھئے۔ (5)

بہت پہلے انٹرمیڈیٹ کورس پورا کرتے ہی میں (اے۔پی۔جے۔عبدالکلام) انجینیر نگ میں داخلہ لے لینا چاہتا تھا۔میں نے خود کو سمجھایا کہ کبھی نہ ہونے سے اچھا ہے دیر ہی میں سہی مگر ہو تو جائے۔میں اپنا راستہ بدلتے ہوئے MIT مدراس میں، جو اس زمانے میں شمالی ہند میں تکنیکی تعلیم کے تاج کا سہرا کہلاتا تھا،داخلہ کے لئے درخواست گزاری۔میرا نام منتخب امیدواروں کی فہرست میں شامل تھا۔مگر اس اعلیٰ درجے کے شہرت رکھنے والے ادارے میں داخلہ بہت مہنگا سودا تھا۔ تقریباً ایک ہزار روپئے کی ضرورت تھی اور میرے والدین اتنی بڑی رقم فراہم نہیں کر سکتے تھے۔ایسے آڑے وقت میں میری بہن زہرہ نے اپنی سونے کی چوڑیاں اور زنجیر گروی رکھ کر میری پشت پناہی کی۔مجھے اس کے اس ارادے نے بہت متاثر کیا کہ وہ مجھے ایک تعلیم یافتہ انسان دیکھنا چاہتی تھی اور میری صلاحیتوں پر اس کے اعتماد سے مجھ پر مزید اثر ہوا۔

(i) یہ عبارت کس کی آپ بیتی سے لی گئی ہے؟

(a) زہرہ کی

(b) اے پی جے عبدالکلام کی

(c) والدین کی

(d) MIT مدراس کی

(ii) تکنیکی تعلیم کا تاج کس کالج کو کہا جاتا تھا؟

(a) شمالی ہند کو

(b) تاج کو

(c) انٹرنیٹ کو

(d) MIT مدراس کو

(iii) داخلے کے لیے کتنی رقم کی ضرورت تھی ؟

(a) پانچ ہزار


Downloaded From : http://cbseportal.com
COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

(b) دو ہزار کی

(c) ایک ہزار

(d) تین ہزاد

(iv) زہرہ نے اپنے بھائی کی کس طرح مدد کی؟

(a) روپئے دے کر

(b) سونے کے زیورات گروی رکھ کر

(c) قرض لے کر

(d) نقد دے کر

(v) زہرہ اپنے بھائی کو کس طرح دیکھنا چاہتی تھی؟

(a) ایک اچھا انسان

(b) اعلیٰ تعلیم یافتہ

(c) مالدار آدمی

(d) اَن پڑھ آدمی

2۔ مندرجہ ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے متبادل جوابات سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (5)

مرے اللہ جینے کا ہنر دے مجھے تو سوزِ دل سوزِ جگر دے
محبت سے تیری معمور وہ ہو مجھے گرچہ حیات مختصر دے
دعائیں ہوں مری مقبول ساری زباں میں تو ایسا اثر دے
مقدس ذکر میں تیرے جو گزارے مجھے وہ روز و شب شام و سحر دے

(i) جینے کا ہنر شاعر کس سے مانگ رہا ہے؟

(a) بتوں سے

(b) اللہ سے

(c) بندے سے

(d) رسول سے

(ii) حیات مختصر بھی اگر ہو تو کس سے معمور ہونی چاہیئے؟

(a) اللہ کی محبت سے

(b) معمور کی محبت سے

(c) حیات سے

(d) مختصر سے



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

(iii) دعائیں کب قبول ہوتی ہیں؟

(a) حیاتِ مختصر سے

(b) اللہ سے

(c) زبان میں اثر ہونے سے

(d) مقبول سے

(iv) شاعر کیسے رات دن مانگ رہا ہے؟

(a) صحت منداور تندرست

(b) اللہ کے ذکر میں جو گزارے

(c) روشن

(d) بڑے ہی طویل

(v) حیاتِ مختصر کا کیا مطلب ہے؟

(a) لمبی زندگی

(b) چھوٹی زندگی

(c) مطلب مختصر

(d) حیاتِ مختصر

(حصہ - ب)

3۔ نیچے لکھے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ (10)

(i) اسمارٹ فون کے نقصانات

(ii) جنگلات کی اہمیت

(iii) کتاب۔ایک بہترین ساتھی

4۔ اپنے دوست کو امتحانات کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے ایک خط لکھئے۔ (5)

(یا)

کسی ہفت روزہ یا ماہنامہ کا خریدار بننے کے لیے درخواست لکھئے۔

(حصہ - ج)

5۔ درج ذیل کے متضاد لکھئے۔ (3)

امن　　خوش حال　　حیات　　موجود　　محبت　　دکھ



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL www.cbseportal.com

درج ذیل الفاظ کے مذکر سے مؤنث اور مؤنث سے مذکر بنایئے۔ (2)

شہزادہ استانی ماموں بادشاہ

7۔ درج ذیل سے اسم عام (نکرہ) اور اسم خاص (معرفہ) کو الگ الگ کر کے لکھئے۔ (3)

اکبر بادشاہ بہادر بنیا رگھوپت گھوڑا

8۔ (i) سابقہ 'بد' جوڑ کر دو الفاظ بنایئے۔ (2)

(ii) لاحقہ 'دار' لگا کر دو الفاظ بنایئے۔ (2)

9۔ نیچے لکھے ہوئے لفظوں سے واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔ (3)

اقسام روح افواج افسر اختیار مُلک

10۔ (i) اس جملے پر غور کیجئے:

ہم کل سرکس دیکھنے گئے تھے۔

بتایئے کہ زمانے کے لحاظ سے اس جملے میں فعل کی کون سی قسم ہے؟ (2)

(ii) ایسا کام جو گزرے زمانے میں کیا گیا ہو اسے کون سا فعل کہتے ہیں؟ ایک مثال کے ساتھ لکھئے۔ (3)

(iii) درج ذیل جملوں میں سے فعل تلاش کر کے لکھئے۔ (3)

(a) استاد کمرے میں داخل ہوئے۔

(b) کل صبح ٹرین سے میرے والدین آئیں گے۔

(c) اسکول کے میدان میں طلباء کبڈی کھیل رہے ہیں۔

(حصہ - د)

11۔ درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ (7)

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے 'میر آخور' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایماندار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کرادی۔

(i) رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کیا کیا؟

(a) وزیر اعظم کو دے دیا

(b) چالیس امیروں میں بانٹ دیا



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL www.cbseportal.com

(c) درباریوں کونہیں دیا

(d) ترک امیروں کودے دیا

(ii) سب سے بڑا عہدہ کون سا تھا؟

(a) میر باخور

(b) مرزا جاخور

(c) میر آخور

(d) ایمان دار

(iii) ترک امیر ناراض کیوں ہوئے؟

(a) حبشی غلام کوسب سے بڑا عہدہ دے دینے سے

(b) حبشی غلام کووزیراعظم بنالینے سے

(c) امیروں کوسزا دینے سے

(d) یاقوت کودرباری بنانے سے

(iv) حبشی غلام یاقوت کی کیا خصوصیت تھی؟

(a) ایمانداری اور جفاکشی

(b) ظالم اور جابر

(c) نیک دلی اور ہمدردی

(d) محبت اور رحم دلی

(v) ملکی معاملات میں رضیہ سلطان کس سے مشورہ کرتی تھی؟

(a) چالیس امیروں سے

(b) تیس امیروں سے

(c) کسی سے نہیں

(d) صرف ترک امیروں سے

(vi) بھٹنڈا کے گورنر کا نام کیا تھا؟

(a) استوانیہ

(b) التونیہ

(c) افتوکیہ

(d) التوانیا

(vii) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(a) رضیہ سلطان

(b) رضیہ کی حکومت

(c) دہلی سلطنت کا زوال

(d) التونیہ اور رضیہ کی جنگ



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

( یا )

انٹرنٹ کمپیوٹرنٹ ورک (Network) کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ دراصل الیکٹرانک سلسلوں کا ایک مجموعہ ہے جو دنیا میں مواصلاتی رشتہ یا وحدت قائم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں، انٹرنٹ کے ذریعے کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا یہ طریقہ ای میل (E-mail) کہلاتا ہے، ای۔میل انٹرنٹ کی ایک ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلیفون سے زیادہ تیز رابطے کا آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے۔ چونکہ ای۔میل کی سہولت اب موبائل پر بھی دستیاب ہے۔ لہٰذا تار بچھانے اور دیگر زمینی انتظامات کرنے کی ضرورت بھی باقی نہیں رہی ہے۔ کمپیوٹر کی انٹرنٹ یا ای۔میل خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک موڈیم (Modem) دوسری ٹیلیفون یا موبائیل کنکشن اور تیسری انٹرنٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم۔''

(i) الیکٹرانک سلسلوں کے مجموعہ کا نام کیا ہے؟

(a) موڈیم
(b) موبائل کنکشن
(c) کمپیوٹر
(d) انٹرنٹ

(ii) ٹیلیفون سے زیادہ تیز، کم خرچ اور آسان رابطے کا نام کیا ہے؟

(a) ٹیلیفون کنکشن
(b) ای۔میل
(c) انٹرنٹ
(d) رابطہ

(iii) ای۔میل خدمات حاصل کرنے کے لیے کتنی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

(a) دو چیزوں کی
(b) تین چیزوں کی
(c) چار چیزوں کی
(d) پانچ چیزوں کی

(iv) انٹرنٹ مواصلاتی رشتہ قائم کرتا ہے:

(a) دو شہروں کے درمیان
(b) پورے صوبے میں
(c) پورے ملک میں
(d) ساری دنیا میں

(v) انٹرنٹ کے ذریعے رابطے کا طریقہ کہلاتا ہے:

(a) جی - میل
(b) فی - میل
(c) سی - میل
(d) ای - میل



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

www.cbseportal.com

(vi) ان میں سے کون سا بیان صحیح ہے:

(a) ای۔میل کی سہولت صرف کمپیوٹر پر دستیاب ہے۔

(b) ای۔میل کی سہولت صرف موبائل پر دستیاب ہے۔

(c) ای۔میل کی سہولت ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر دونوں پر دستیاب ہے۔

(d) ای۔میل کی سہولت کمپیوٹر اور موبائل پر دستیاب ہے۔

(vii) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) انٹرنٹ کا استعمال

(b) انٹرنٹ کے فوائد

(c) انٹرنٹ

(d) ٹیلی وژن اور انٹرنٹ

12۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ (6)

(i) خدا کے نام خط

(ii) بے تکلفی

(iii) قول کا پاس

13۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب لکھئے۔ (4)

(i) اکبر، رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہو گیا؟

(ii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(iii) آلودگی سے کیا مراد ہے؟

(iv) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا؟

14۔ درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے متبادل جوابات سے مناسب جواب کا انتخاب کیجئے۔ (5)

لائی حیات آئے ، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے ، نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمر خضر تو کہیں گے بہ وقت مرگ
ہم کیا رہے یہاں ، ابھی آئے، ابھی چلے
ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بری چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL www.cbseportal.com

(i) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(a) غالب

(b) ذوق

(c) اقبال

(d) میر

(ii) یہ اشعار شاعری کی کس صنف کے ہیں؟

(a) نظم

(b) مرثیہ

(c) غزل

(d) مثنوی

(iii) اس شعری حصے کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟

(a) مقطع

(b) مطلع

(c) قافیہ

(d) ردیف

(iv) عمر خضر سے کیا مراد ہے؟

(a) لمبی عمر

(b) چھوٹی عمر

(c) کسی بھی انسان کی عمر

(d) حضرت خضر کی عمر

(v) شاعر کے خیال میں بہتر کام کیا ہے؟

(a) دنیا سے دل لگانا

(b) دنیا سے دل نہیں لگانا

(c) دل لگی کرنا

(d) کام سے دل لگانا

( یا )

چمن کھلا کھلا سا ہے
افق دھلا دھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نوسنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

سفر کی ابتدا یہ، ابھی رکو نہ راہ میں
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ میں
روش پرانی چھوڑ کے
قدم قدم سے جوڑ کے
چلے چلو کہ وقت کو تمہارا انتظار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

(i) یہ بند کس نظم کے ہیں اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(a) پہاڑ اور گلہری ۔ اقبال
(b) اے شریف انسانو!۔ ساحر لدھیانوی
(c) قدم بڑھاؤ دوستو بشر نواز
(d) غزل غالب

(ii) روش کے کیا معنی ہیں؟
(a) سلیقہ۔سڑکیں
(b) طریقہ، باغ میں بنا ہوا راستہ
(c) بے ایمانی، جھوٹ
(d) شرارت، برا کام

(iii) پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے کا مطلب کیا ہے؟
(a) پہاڑ اور غار سے بچ کر نکل جانا
(b) پہاڑ اور غار کی طرف نہ دیکھنا
(c) پریشانیوں سے نہ گھبرانا
(d) پریشانیوں کا کسی سے ذکر نہ کرنا

(iv) یہ اشعار کس کے ہیں؟
(a) رباعی کے
(b) مثنوی کے
(c) غزل کے
(d) نظم کے

(v) شاعر کے مطابق ہمارا انتظار کون کر رہا ہے؟
(a) سفر
(b) چمن
(c) وقت
(d) افق



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com

CBSE PORTAL
www.cbseportal.com

۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے۔ (6)

(i) اے شریف انسانو!

(ii) پہاڑ اور گلہری

(iii) نیکی اور بدی

16۔ درج ذیل سوالات میں صرف دو کے جواب لکھئے۔ (4)

(i) اس شعر کا مفہوم بیان کیجئے۔

نازاں نہ ہو خرد پہ جو ہونا ہے ہو وہی
دانش تری نہ کچھ مری دانش وری چلے

(ii) نظم ''اے شریف انسانو!'' کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

(iii) اس شعر کا مفہوم بیان کیجئے۔

ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

(iv) شعر مکمل کیجئے:

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
----------------

..................☆☆☆☆..................



Downloaded From : http://cbseportal.com COURTESY : CBSE